## عوام خصوصاً مخیرّ حضرات متحدہ قومی موومنٹ کے الیکشن فنڈ میں زیادہ سے زیادہ عطیات دیں۔الطاف حسین کی اپیل

## متحدہ قومی موومنٹ غریب اور متوسط طبقہ کی تنظیم ہے جس میں کوئی وڈیرہ یا جاگیردار شامل نہیں ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔19 ،نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام خصوصاً مخیرّ حضرات سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ کے الیکشن فنڈ میں زیادہ سے زیادہ عطیات دیں۔انہوں نے کہا کہ یہ بات سب جانتے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب اور متوسط طبقہ کی تنظیم ہے جس میں نہ تو کوئی وڈیرہ اور جاگیردار شامل ہے اور نہ ہی اسے وڈیروں، جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کی سرپرستی حاصل ہے۔اس بات سے بھی سب واقف ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جو ہمیشہ غریب و متوسط طبقہ کے افراد کو میرٹ کی بنیاد پر الیکشن میں ٹکٹ دیتی ہے جن کی انتخابی مہم کے اخراجات تنظیم خود برداشت کرتی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ پورے ملک سے الیکشن میں حصہ لے رہی ہے جسکے نتیجہ میں انتخابی اخراجات میں بھی پہلے سے زیادہ اضافہ ہو رہا ہے۔اس لئے میں تمام عوام خصوصاً مخیرّ حضرات سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ کے انتخابی فنڈ میں زیادہ سے زیادہ عطیات دیں اور اپنے عطیات ایم کیوایم الیکشن فنڈ کے اکاؤنٹ نمبر 5-1745-200-01 الائیڈ بنک لمیٹڈ دستگیر برانچ 0136 میں جمع کرائیں۔اس کے علاوہ جو لوگ نقد عطیات دینا چاہتے ہیں وہ متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے پاس اپنے عطیات جمع کرواسکتے ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عام انتخابات کیلئے حق پرست امیدواروں کے نام فائنل کرنے کا سلسلہ شروع کردیا

## انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور عزیز آباد کراچی میں رابطہ کمیٹی کے اجلاس جاری ہیں

## رابطہ کمیٹی نے حق پرست ارکان اسمبلی کی کارکردگی کے بارے میں سیکٹروں، یونٹوں اور زونوں کے ذمہ داران وکارکنان کی رائے لینے کا عمل مکمل کرلیا، اس رائے کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا

## امیدواروں کے انٹرویو لینے کیلئے رابطہ کمیٹی نے کراچی میں دو اور سندھ کے تمام زونوں میں ایک ایک کمیٹی تشکیل دی ہے

## پنجاب، سرحد اور بلوچستان میں صوبائی کمیٹیاں امیدواروں کے انٹرویو لینے اور ان کی فہرستیں تیار کرنے کا کام کررہی ہیں

کراچی۔۔۔19 ،نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آئندہ عام انتخابات کیلئے حق پرست امیدواروں کے نام فائنل کرنے کا سلسلہ شروع کردیا ہے۔اس ضمن میں گزشتہ کئی روز سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور عزیز آباد کراچی میں رابطہ کمیٹی کے اجلاس جاری ہیں۔جبکہ پنجاب، سرحد اور بلوچستان کی صوبائی کمیٹیاں بھی اپنے اجلاس منعقد کررہی ہیں۔گزشتہ انتخابات میں کامیاب ہونے والے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کی کارکردگی کے بارے میں رابطہ کمیٹی نے سیکٹروں، یونٹوں اور زونوں کے ذمہ داران وکارکنان کی رائے لینے کا عمل مکمل کرلیا ہے اور اس رائے کے مطابق رابطہ کمیٹی فیصلہ کرے گی کہ ان حق پرست نمائندوں میں سے کس کو دوبارہ ٹکٹ دیا جائے گا۔کارکنان کی رائے کے مطابق سندھ بھر کے تمام زونوں، سیکٹروں اور یونٹوں نے بھی مجوزہ امیدواروں کے نام رابطہ کمیٹی کو جمع کرادیئے ہیں۔ان امیدواروں کے انٹرویو لینے کیلئے رابطہ کمیٹی نے کراچی میں دو اور سندھ کے تمام زونوں میں ایک ایک کمیٹی تشکیل دی ہے جس نے امیدواروں کے انٹرویو لینے کا سلسلہ شروع کردیا ہے جبکہ پنجاب، سرحد اور بلوچستان میں متحدہ قومی موومنٹ کی صوبائی کمیٹیاں امیدواروں کے انٹرویو لینے اور ان کی فہرستیں تیار کرنے کا کام کررہی ہیں اور اپنی فہرستیں جلد ہی رابطہ کمیٹی کو جمع کروادیں گی۔آئندہ انتخابات کے حوالے سے پنجاب، سرحد اور بلوچستان میں صوبائی، ضلعی اور یونٹ کی سطح پر جبکہ سندھ میں زونوں، سیکٹروں اور یونٹوں کی سطح پر الیکشن سیل تشکیل دیئے گئے ہیں جو متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی الیکشن سیل سے رابطہ میں ہیں اور اپنے اپنے متعلقہ حلقوں میں الیکشن مہم کی تیاریوں میں مشغول ہیں جبکہ متحدہ قومی موومنٹ کے ماس کمیونیکیشن اینڈ میڈیا ونگ اور میڈیا کمیٹی کے اراکین بھی انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی تشہیری مہم کی تیاریون میں دن رات مصروف عمل ہیں۔

## معروف اداکار شفیع محمد کی تدفین میں سابق حق پرست نمائندوں کی شرکت

## مرحوم کی رہائش گاہ جاکر سوگواران سے اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔19 رنومبر 2007ء۔۔۔معروف اداکار شفیع محمد کو ڈیفنس کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ امام بارگاہ یثرب ڈیفنس 4 میں ادا کی گئی۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے علاوہ متحدہ قومی موومنٹ کے سابق حق پرست صوبائی مشیر اطلاعات حامد عابدی ،سابق رکن قومی اسمبلی اخلاق عابدی اور سابق رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی اور مرحوم کے عزیزا قارب نے شرکت کی ۔بعدازاں سابق حق پرست نمائندوں نے شفیع محمد مرحوم کی رہائش گاہ جاکر سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔وہ کچھ دیر تک سوگوارلواحقین کے ہمراہ رہے اورانہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## بلاامتیاز وتفریق عوامی خدمت حق پرستوں کا نصب العین ہے،سابق ارکان قومی اسمبلی

## کراچی میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح پرشہری حکومت کو دلی مبارکباد

کراچی ۔۔۔19 رنومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے سابق ارکان قومی اسمبلی نے حق پرست ناظم اعلیٰ کراچی سید مصطفی کمال، نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل اور دیگر تمام حق پرست نمائندگان کی جانب سے کراچی کے مختلف علاقوں میں سیوریج لائنوں کی تنصیب، پارک ،اسپتال ومیٹرنٹی ہوم، پلوں اور بڑی کچرا کنڈیوں کی تعمیر کے منصوبوں کے افتتاح کا خیر مقدم کیا ہے اور حق پرست عوامی نمائندگان کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بلاامتیاز وتفریق عوامی خدمت کا عمل حق پرست قیادت کا نصب العین ہے اور حق پرست عوامی نمائندے عوامی مسائل کے حل کیلئے دن رات مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کی جانب سے کراچی میں تعلیم ،صحت ،نکاسی آب ،فراہمی آب اور سیر وتفریح کے متعدد منصوبوں کے علاوہ شہر کی خوبصورتی کیلئے اہم چورنگیوں پر ترقیاتی کام جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ حق پرست قیادت ماضی کی طرح عوامی خدمت کے عمل میں سرخرو ہوگی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔سابق حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی میں حق پرست بلدیاتی نمائندوں اور سابق حق پرست وزراء کی جانب کروڑوں روپے مالیت کے ترقیاتی منصوبوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے حق پرست نمائندگان کو خراج تحسین پیش کیا۔

## لاہور کی مسلم لیگ نواز اور مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے عہدیداروں سمیت مختلف سماجی شخصیات اور وکلاء برادری کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ تک حق پرستی کی جدوجہد جاری رہے گی،رانا فرحت ایڈوکیٹ

لاہور۔۔۔19 ،نومبر 2007ء۔۔۔مسلم لیگ نواز گروپ، مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے عہدیداروں اور لاہور کے مختلف وکلاء نے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز شاہدرہ چوک لاہور میں ایم کیوایم لاہور کے زیراہتمام ایک اجلاس میں کیا۔اجلاس میں ایم کیوایم لاہور کی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج رانا فرحت علی ایڈوکیٹ، اراکین کرنل آغا جہانگیر، ملک ریاست علی، منظور حسین فاطمی، اشرف عابد، ایم کیوایم راوی ٹاؤن کے انچارج مجاہد گل، جوائنٹ انچارج مزمل بخاری، حسنات رفیق اور دیگر بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں ہائی کورٹ کے وکلاء رانا طارق امین ایڈوکیٹ، میاں محمد عارف ایڈوکیٹ، ملک مطلوب الرحمان ایڈوکیٹ، جمشید علوی ایڈوکیٹ، محمد شہزاد راجپوت ایڈوکیٹ، مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن لاہور کے صدر چوہدری محمد نعمان، مسلم لیگ نواز گروپ کے شیخ عارف علی، سید اسد بخاری، چوہدری منیر بھٹی، حاجی محمد بشیر، ماسٹر مہربان علی، رانا شوکت علی اور دربار بابا بندوق سائیں کے سجادہ نشیں بابا محمد انور، عاشق علی اور انکے ساتھی شامل ہیں۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ، پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کی جڑیں عوام میں مضبوطی سے قائم ہیں اور ایم کیوایم عوامی مسائل کے حل کیلئے مخلصانہ جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کی ضمانت ہے اور انشاءاللہ ہم بھی پیغام حق کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رانا فرحت علی ایڈوکیٹ نے کہا کہ پنجاب میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت خوش آئند ہے اور اس بات کا

واضح ثبوت ہے کہ پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈہ زائل ہو چکا ہے۔انہوں نے ایم کیوایم پرامن جمہوری جدوجہد پر یقین رکھتی ہے اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ تک حق پرستی کی جدوجہد جاری رکھے گی۔انہوں نے متحدہ میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں مبارکباد بھی پیش کی۔

☆☆☆☆☆☆